रोल नं. | | | | | | | | |

मुद्रित पृष्ठों की संख्या : 8

004

204(HRB)

# 2026

# उर्दू

# اردو

समय : 3 घण्टे]

[पूर्णांक : 80

1 اس سوال نامے میں کل 18 سوالات ہیں۔

2 جوابی کاپی میں جواب لکھنے سے پہلے سوال کا نمبر وہی لکھیں جو سوال نامے میں لکھا ہے۔

3 سوال نامے پر رول نمبر کے علاوہ کچھ بھی نہ لکھیں۔

4 جواب خوشخط لکھیں۔

5 یہ سوال نامہ چار حصوں پر مشتمل ہے۔ جواب سلسلے وار حل کریں۔

## ''حصّہ الف''

### عبارت فہمی اور شعر فہمی

سوال نمبر:1 مندرجہ ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیے:

5x1=5

'ہاکی' ہندوستان کا قومی کھیل ہے۔ یہ کھیل بہت سے ملکوں میں مقبول ہے۔ اس کھیل کی شروعات کب اور کہاں ہوئی، اس بارے میں کچھ بھی یقین سے نہیں کہا جا سکتا۔ تاریخی شہادتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ پرانے زمانے میں کئی ملکوں میں ہاکی جیسا ایک کھیل رائج تھا۔ خیال کیا جاتا ہے کہ اس کھیل کی ابتداء تقریباً دو ہزار سال قبل مسیح ایشیا میں ہوئی۔ لیکن یہ اشارے بھی ملتے ہیں کہ عرب، روم اور ایتھوپیا وغیرہ میں بھی اس سے ملتا جلتا کھیل رائج تھا۔ ہر جگہ لوگ اس کھیل کو اپنے اپنے اصولوں کے مطابق کھیلتے اور الگ الگ

ناموں سے پکارتے تھے۔اسے روم میں پیگانیکا، انگلینڈ میں کامبوکا، اسکاٹ لینڈ میں شنٹی ،فرانس میں جین دی میل اور نیدر لینڈ میں نیٹ کولون کہتے تھے۔اب تک حاصل معلومات کے مطابق یہ کھیل پہلی مرتبہ ٹیم بنا کر 478 قبل مسیح میں کھیلا گیا۔ نئے زمانے کی ہاکی کا ارتقاء برطانیہ کے کچھ جزیرہ نما علاقوں میں ہوا۔انیسویں صدی کے پہلے نصف تک یہ کھیل بہت سے ملکوں میں کھیلا جانے لگا تھا۔

سوالات :-

(i) ہاکی کھیل کی شروعات کہاں ہوئی ؟ (درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجئے)

(A) ایشیا (B) عرب

(C) روم (D) کچھ نہیں کہا جاسکتا

(ii) اب تک حاصل معلومات کے مطابق یہ کھیل پہلی مرتبہ ٹیم بنا کر کب کھیلا گیا؟ (درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجئے)

(A) 2000 قبل مسیح (B) 478 قبل مسیح

(C) 748 قبل مسیح (D) 874 قبل مسیح

(iii) 'ہاکی' کہاں کا قومی کھیل ہے؟ (ایک لفظ میں جواب لکھیے)

(iv) مختلف ممالک کے لوگ 'ہاکی' کو کس کس نام سے پکارتے تھے؟ (ایک جملے میں جواب دیجیے)

(v) نئے زمانے کی ہاکی کا ارتقاء کہاں ہوا؟ (ایک جملے میں جواب دیجیے)

سوال نمبر.2 درج ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس کے نیچے پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے :

5x1=5

دنیا کی محفلوں سے اکتا گیا ہوں یا رب!
کیا لطف انجمن کا جب دل ہی بجھ گیا ہو
شورش سے بھاگتا ہوں دل ڈھونڈتا ہے میرا
ایسا سکوت جس پر تقریر بھی فدا ہو
مرتا ہوں خامشی پر یہ آرزو ہے میری
دامن میں کوہ کے اک چھوٹا سا جھونپڑا ہو

آزاد فکر سے ہوں عزلت میں دن گزاروں
دنیا کے غم کا دل سے کانٹا نکل گیا ہو
لذت سرود کی ہو چڑیوں کی چہچہوں میں
چشمے کا شور شوں میں باجا سا بج رہا ہو

(i) شاعر کس سے مخاطب ہے؟ (صحیح جواب چن کر لکھیے)

(A) دوست سے (B) خدا سے
(C) حکومت سے (D) والدین سے

(ii) شاعر کا دل کیا ڈھونڈتا ہے؟ (صحیح جواب چن کر لکھیے)

(A) سکوت (B) شورش
(C) تقریر (D) کامیابی

(iii) کون سا پرندہ چہچہاتا ہے؟ (ایک لفظ میں جواب لکھیے)

(iv) شاعر نے کس آرزو کا اظہار کیا ہے؟ (ایک جملے میں جواب لکھیے)

(v) غم کا کانٹا نکلنے سے کیا مراد ہے؟ (ایک جملے میں جواب لکھیے)

سوال نمبر 3. مندرجہ ذیل درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیے: 5x1=5

میں نے مایا کو پتھر کے ایک کوزے میں مکھن رکھتے دیکھا۔ چھاچھ کی کھٹاس کو دور کرنے کے لیے مایا نے کوزے میں پڑے ہوئے مکھن کو کنویں کے صاف پانی سے کئی بار دھویا۔ اس طرح مکھن جمع کرنے کی کوئی خاص وجہ تھی۔ ایسی بات عموماً مایا کے کسی عزیز کی آمد کا پتہ دیتی تھی۔ ہاں! اب مجھے یاد آیا دو دن کے بعد مایا کا بھائی اپنی بیوہ بہن سے راکھی بندھوانے کے لیے آنے والا تھا۔ یوں تو اکثر بہنیں بھائیوں کے یہاں جا کر انھیں راکھی باندھتی ہیں، مگر مایا کا بھائی اپنی بہن اور بھانجے سے ملنے کے لیے خود ہی آ جایا کرتا تھا اور راکھی بندھوا لیا کرتا تھا۔ راکھی بندھوا کر وہ اپنی بیوہ بہن کو یقین دلاتا تھا کہ اگر چہ اس کا سہاگ لٹ گیا مگر جب تک اس کا بھائی زندہ ہے، اس کی رکھشا، اس کی حفاظت کی ذمہ داری اپنے کندھوں پر لیتا ہے۔

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟ (صحیح جواب چن کر لکھیں)

(A) بھولا (B) نیا قانون
(C) آزمائش (D) مخلوط زبان

(ii) اس اقتباس کے مصنف کا نام کیا ہے؟ (صحیح جواب منتخب کر لکھیں)

(A) حیات اللہ انصاری (B) راجندر سنگھ بیدی

(C) محمد مجیب (D) مولوی عبدالحق

(iii) کس چیز کی کھٹاس دور کرنے کا طریقہ بتایا گیا ہے؟ (ایک لفظ میں جواب لکھیے)

(iv) مایا کا بھائی کس لیے آ رہا تھا؟ (ایک جملے میں جواب لکھیے)

(v) مایا کا بھائی کیا ذمہ داری لیتا ہے؟ (ایک جملے میں جواب لکھیے)

سوال نمبر 4. درج ذیل درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے: 5x1=5

خیموں کا ایک جنگل دیکھا
اس جنگل میں منگل دیکھا
برھما اور ورنگل دیکھا
عزت خواہوں کا دنگل دیکھا
سرکیں تھیں ہر کپ سے جاری
پانی تھا ہر پمپ سے جاری
نور کی موجیں لمپ سے جاری
تیزی تھی ہر جمپ سے جاری

(i) درج بالا شعری حصہ کس نظم سے لیا گیا ہے؟ (صحیح جواب چن کر لکھیے)

(A) گرمی اور دیہاتی بازار (B) او دیس سے آنے والے بتا!

(C) جلوۂ دربار دہلی (D) آندھی

(ii) اس نظم کے شاعر کون ہیں؟ (صحیح جواب چن کر لکھیے)

(A) جوش (B) اکبر

(C) اختر (D) شاد

(iii) 'خیموں' کا واحد لکھیے؟ (ایک لفظ میں جواب لکھیے)

(iv) 'جنگل میں منگل ہونا' محاورے کے معنی لکھیے؟ (ایک جملے میں جواب لکھیے)

(v) سڑکیں اور پانی کہاں کہاں سے جاری تھا؟ (ایک جملے میں جواب لکھیے)

## ''حصہ ب''

### تحریری مہارت

سوال نمبر 5. درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر 250-300 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے : 10

(i) میرا پسندیدہ شاعر

(ii) کمپیوٹر

(iii) عیدالفطر

سوال نمبر 6. واجب وجہ بتاتے ہوئے فیس معافی کے لیے اپنے اسکول کے پرنسپل صاحب کو ایک درخواست لکھیے ؟ 4

**یا**

والد صاحب کو خط لکھ کر بتایئے کہ آپ گیارھویں جماعت میں سائنس (ZBC) پڑھنا چاہتے ہیں اور کیوں پڑھنا چاہتے ہیں؟

سوال نمبر 7. راجندر سنگھ بیدی کا افسانہ 'بھولا' یا محمد مجیب کا ڈرامہ 'آزمائش' کا خلاصہ 100 الفاظ میں تحریر کیجیے؟ 4

**یا**

الطاف حسین حالی کی نثر نگاری پر 100 الفاظ میں ایک نوٹ لکھیے ؟

سوال نمبر 8. سودا یا شاد کی غزل گوئی پر 100 الفاظ میں نوٹ لکھیے ؟ 3

**یا**

اکبرالہ آبادی کی نظم 'جلوۂ دربار دہلی' کا خلاصہ 100 الفاظ میں لکھیے ؟

سوال نمبر 9. افسانہ 'گلی ڈنڈا' یا 'فقیر' کا مرکزی خیال لکھیے ؟ 4

## ''حصہ ج''

### قواعد

سوال نمبر 10.

(i) وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو۔کیا کہلاتا ہے؟ صحیح جواب چن کر لکھیے ) 1

(A) فعل ناقص (B) فعل حال

(C) فعل معروف (D) فعل مجہول

(ii) وہ فعل جو گزرے ہوئے زمانے میں کیا گیا ہو۔کیا کہلاتا ہے؟ ( صحیح جواب چن کر لکھیے ) 1

(A) فعل حال (B) فعل ماضی

(C) فعل مستقبل (D) ان میں سے کوئی نہیں

(iii) فعل مجہول کسے کہتے ہیں؟ (صحیح جواب چن کر لکھیے) 1

(A) وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو

(B) وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو

(C) درج بالا دونوں

(D) ان میں سے کوئی نہیں

(iv) درج ذیل جملوں میں بتائیے کہ ان میں فعل کی کون سی قسم ہے؟ (صحیح جواب چنیں) 2x1=2

(a) اسلم ذہین ہے۔ (فعل ماضی/فعل ناقص/فعل مستقبل)

(b) کپڑے دھلے۔ (فعل معروف/فعل مجہول/فعل لازم)

سوال نمبر.11

ہر سنگ میں شرار ہے تیرے ظہور کا

موسیٰ نہیں کہ سیر کروں کوہ طور کا

(i) اس شعر میں استعمال کی گئی صنعت کا نام اور اس کی تعریف لکھیے: 3

(ii) کنایہ کے لغوی معنی کیا ہیں؟ (صحیح جواب چن کر لکھیے) 1

(A) شک یا وہم میں ڈالنا (B) بات کو پوشیدہ ڈھنگ سے کہنا

(C) رعایت کرنا (D) کلام میں کسی مشہور واقعہ کی طرف اشارہ کرنا

(iii) تشبیہ کا استعمال کرتے ہوئے کوئی ایک شعر لکھیے؟ 1

سوال نمبر.12

(i) درج ذیل میں سے کنہیں تین محاوروں کو اپنے جملوں میں استعمال کر لکھیے: 3x1=3

(a) عید ہونا

(b) خون سفید ہونا

(c) چار چاند لگنا

(d) آستین کا سانپ ہونا

(e) پھولے نہ سمانا

(ii) ’ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا‘ کیا ہے؟ صحیح جواب چن کر لکھیے : 1

(A) مثال (B) محاورہ

(C) مثال اور محاورہ دونوں (D) ان میں سے کوئی نہیں

(iii) ’آم کے آم گٹھلیوں کے دام‘ مثال کا مطلب کیا ہے؟ ( صحیح جواب چن کر لکھیے ) 1

(A) زبردستی کرنا (B) دوہرا فائدہ

(C) آم بیچنا (D) مہنگائی ہونا

سوال نمبر.13 نیچے کچھ رموز اوقاف اور ان کے سامنے ان کی علامتیں درج ہیں۔ صحیح جوڑے ملائیے : 2

| رموز اوقاف | علامت |
|---|---|
| سکتہ | : |
| رابطہ | ؟ |
| استفہامیہ/سوالیہ | ۔ |
| ختمہ | ، |

سوال نمبر.14 شعری اصطلاحات سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے :

(i) درج ذیل شعر کی ردیف بتائیے : 1

سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا
ہم بلبلیں ہیں اس کی یہ گلستاں ہمارا

(ii) غزل کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے، اسے کیا کہتے ہیں؟ ( صحیح جواب چن کر لکھیے ) 1

(A) مطلع (B) حسن مطلع

(C) مطلع ثانی (D) مقطع

(iii) تخلص کا نشان بنائیے؟ ( صحیح جواب چن کر لکھیے ) 1

(A) ” “ (B) ؔ

(C) :۔ (D) ؟

”حصہ د“

## ادب (درسی کتب)

سوال نمبر 15. درج ذیل میں سے کنہیں دوسوالوں کے مختصر جواب لکھیے: 2x2=4

(i) بھولا زیادہ شوق سے کیا سنتا تھا؟

(ii) استاد منگو کون تھا؟

(iii) مضمون ’مخلوط زبان‘ میں اردو زبان کی کیا خوبیاں بتائی گئی ہیں؟

(iv) اخبارات میں اشتہارات کیوں چھپوائے جاتے ہیں؟

سوال نمبر 16. درج ذیل میں سے کنہیں دوسوالوں کے مختصر جواب لکھیے: 2x2=4

(i) ’نسیم تیرسی چھاتی کے پارگزرے ہے‘

سودا کے اس مصرعے کا مطلب لکھیے:

(ii) گرمی میں دیہاتی بازار کا منظر بیان کیجیے:

(iii) نظم ’جلوۂ دربار دہلی‘ میں ”میرا حصہ دور کا جلوہ“ سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(iv) میر ببر علی انیس اپنی رباعی میں ’خالی ظرف کی صدا‘ سے کیا سمجھانا چاہتے ہیں؟

سوال نمبر 17. درج ذیل میں سے کنہیں دوسوالوں کے مختصر جواب لکھیے: 2x2=4

(i) عظیم بیگ چغتائی کو فقیروں سے کیوں بغض تھا؟

(ii) افسانہ ’دوفرلانگ لمبی سڑک‘ میں گورے نے کس وجہ سے تانگے والے کو مارا؟

(iii) مصنف نے گلّی ڈنڈے کو کھیلوں کا راجہ کیوں کہا ہے؟

(iv) بہو بیگم کے کردار کی خوبیاں لکھیے؟

سوال نمبر 18. درج ذیل میں سے کسی ایک صنف کے بارے میں تفصیل سے لکھیے: 3

(i) افسانہ

(ii) غزل

(iii) سوانح